© rasailojaraid.com

ارشاد احمد عارف

# دُعا

میرے قاری جناب طارق صدیقی اور محترمہ ماہین نے بار بار ''دعائے رمضان'' ای میل کی ہے۔افغانستان کے پس منظر میں یہ دعا پوری امہ کی حالت زار کا عکس ہے اور اعتراف ہے۔ اسے طنز اور شکوے پر محمول کیا جاسکتا ہے لیکن یہ ایک مسلمان کے اندرونی دکھ اور اضطراب کا مظہر بھی ہے۔طوالت پر معذرت لیکن ہر صاحب دل اور حساس انسان کیلئے اس میں غور وفکر کے کئی پہلو موجود ہیں۔

''اے اللہ! ہمیں معاف کر دے، ہم کمزور ہیں، عاجز ہیں، عاصی ہیں، خطا کار ہیں، پر تیری رحمتوں کے سزاوار ہیں، ہمیں معاف کر دے کہ ہم نے تیرے بندے بیچ دیئے، ڈیڑھ کروڑ مسلمان فروخت کر دیئے، سارے افغان مول دے دیئے، ان کی جان، مال، عزت و آبرو بھی بیچ دی، انہیں درندوں اور بھیڑیوں کے حوالے کر دیا، تو یقین کر ہم یہ نہ کرتے مگر مجبور تھے، کمزور تھے، ڈٹ نہ سکے، عاجز تھے لڑ نہ سکے، عاصی تھے بول نہ سکے اور خطار کار تھے نبھا نہ سکے، لیکن اے اللہ! تو دلوں کے حال جانتا ہے۔ تجھے معلوم ہے ہم مجبور تھے، یہ نہ کرتے تو کیا کرتے؟ اس وقت تو ہماری نمازیں دیکھ اور خوش ہو جا، ہمارے روزے دیکھ اور راضی ہو جا، ہماری خیرات پر نظر رکھ اور کرم کر دے، ہمارے صدقات قبول کر اور رحم برسا دے، ہماری قوالیاں قبول فرما، نعرے مقبول فرما، تقریریں منظور کر لے، واویلے پر بخش دے، تو یقین کر ہم دکھی ہیں، بے گناہ افغانوں کی شہادت پر مل کر روتے ہیں، پھر مل کے کھاتے ہیں۔ اے مولا! ہمارے عمل پر مت جا، زبان کا یقین کر، دلوں کو مت دیکھ، دماغ کی داد دے، کردار پر مت جا، باتوں سے مان لے، اخلاق نہ دیکھ، مجبوریوں پر دھیان رکھ، اے اللہ! تو یقین رکھ، ہم شہیدوں پر روئیں گے، کفن بھیجیں گے، لحد پر پھول چڑھائیں گے، اگربتی جلائیں گے، مسور کی دال چھڑکیں گے، پانی ڈالیں گے، کتبہ لگائیں گے، نوحے پڑھیں گے، آنسو بہائیں گے لوٹیں لگائیں گے، کپڑے پھاڑیں گے، بال نوچیں گے، جلسے کریں گے، تعزیت بھیجیں گے، غم کھائیں گے، فاتحہ پڑھیں گے، دیگیں پکائیں گے، سوز خوانی کریں گے، چاندنی بچھائیں گے، تیجہ منائیں گے، چہلم سجائیں گے، برسی منائیں گے، لیکن اے اللہ! تجھے تیرا واسطہ ہمیں جہاد کیلئے نہ کہہ، اسلامی رشتے یاد نہ دلا، ہم کمزور دل ہیں، رو پڑیں گے، ہمیں چپ رہنے دے، تو اللہ ہے تو ہی ان کی مدد کر، ہم پر بوجھ نہ ڈال، ہمارے کندھے کمزور ہیں، دل نرم ہیں، جہاد کے علاوہ جو کہے گا کریں گے، اگر بس میں ہوا اور تو ناراض نہ ہو کیا ہوا جو ہم نے انہیں بیچ دیا، بھائی ہی بھائیوں کے کام آتے ہیں۔ افغان ہمارے بھائی ہیں، ہمارے کام آگئے تو کیا ہوا۔ تو یقین جان وہ بہادر ہیں، اسے جھیل لیں گے، سخت جان ہیں گزار لیں گے اور ایمان والے ہیں مشکل سے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

نکل آئیں گے۔ وہ ہم سے زیادہ تجھ پر یقین رکھتے ہیں۔ بس تو ہی مدد کر دے، ہم خوشی سے دیکھیں گے۔ اے اللہ! ہم کمزور ہیں لڑ نہیں سکتے، عاصی ہیں جھیل نہیں سکتے، خطا کار ہیں گزار نہیں سکتے، نادان ہیں سمجھ نہیں سکتے، اس لئے ہمیں رعایت دے اور انہیں ہمت دے، ہم سے درگزر فرما۔ انہیں آزمائش میں ڈال دے۔ افغان شہری صاحب عزیمت ہیں، انہیں عزیمت دے، ہم صاحب رخصت ہیں ہمیں رخصت دے دے۔ انہوں نے دین کا سبق یاد رکھا انہیں آگے رکھ، ہم بھول گئے ہمیں چھٹی دے دے۔ یا اللہ! ناراض نہ ہو، کیا ہوا جو کبھی کبھار تیرے بندوں سے مانگ لیا۔ ہم تو تجھ سے ہی مانگتے ہیں، ویسے جن سے مانگا ہے وہ بھی تیرے بندے ہیں، اے اللہ! بُش کے دل میں نرمی ڈال دے، ہماری محبت پیدا کر دے، وہ بھیجے کی بجائے جیب سے سوچے، پاؤں کی جگہ ڈالر کو بھیجے۔ اسے توفیق دے کہ ہمیں کیش دے، چیک دے، نوٹوں کی برسات کر دے، ہم تیرے شکر گزار بندوں میں شامل ہونا چاہتے ہیں، ہمیں شکر گزار کر دے، تیری رحمتوں کے بوجھ سے جھک جانا چاہتے ہیں، ہم پر نوٹوں کا بوجھ ڈال دے اور کاندھوں کی فکر نہ کر، اتنا بوجھ تو اٹھا ہی لیں گے۔

اے اللہ! ہم تجھے یاد رکھیں گے، تیرا حکم مانیں گے، ڈالروں کی زکوٰۃ دیں گے مگر اللہ! یہ ڈھائی فیصد تھوڑا زیادہ ہے اسے کچھ کم کر دے، دیکھ ناراض نہ ہو ایک فیصد کر دے، ہماری تسلی ہو جائے گی۔ یہ ہم افغانوں پر خرچ کریں گے، انہیں خیمے دیں گے، پلاسٹک کی بالٹی دیں گے، پرانے جوتے دیں گے، وہ اچھے ہوتے ہیں، کھلے ہوتے ہیں، پاؤں کو کاٹتے نہیں۔ اے اللہ! ان کے یتیموں کو چندہ دیں گے، بھوکوں کو راشن دیں گے، بوڑھوں کی عینک بنوائیں گے، لڑکیوں کو سلائی مشین دیں گے، ان کا خیال رکھیں گے، تو بے فکر رہ ہم ہیں نا ان کے، ہم نہیں کریں گے تو کون کرے گا؟ اسلامی بھائی ہیں، ہمسائے ہیں، ان کا بڑا حق ہے ہم پر، تو فکر نہ کر، یہ سائیڈ ہم سنبھال لیں گے، دنیا بھر سے امداد لیں گے اور مل جل کے کھائیں گے۔ بس تو یہ ڈالر والا کام کر دے اور فوری کر دے۔ ہم انتظار کریں گے"۔


سرگزشتِ مسکین

صوفی عبدالرحیم خان نیازی مسکین رحمۃ اللہ علیہ

(سابق صدر مجلس احرارِ اسلام پاکستان)

ایک پاکباز، سراپا عجز و نیاز، پیکر حریت اور بے باک شخصیت کی ایمان افروز سرگزشت

مؤلف: غلام محمد خان نیازی

قیمت:۔ -/150 روپے

ملنے کا پتہ: بخاری اکیڈمی، دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی۔ ملتان فون: 061-511961


© rasailojaraid.com